رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2018 تا 2023-2021 )

اردو (لازمی) 022 - ( نہم کلاس ) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 60

( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

( حصہ نظم )

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا — اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) جے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(iii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

( حصہ غزل )

(v) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

(vi) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا

(vii) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی — پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

( حصہ دوم )

3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کے دِلی قوی کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔

3۔ (ب) عام طور پر بُلبُل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبُل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبُل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہو گا۔ بُلبُل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبُل کو نالہ و شیون کرتے دیکھا تھا۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) حمد کی تعریف بیان کیجیے۔ (ii) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟

(iii) دلی قویٰ کو بےکار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟ (iv) آرام و سکون نہ کرنے سے میاں کی صحت پر کیا اثر ہوا؟

(v) علامہ اقبالؒ کی شاعری کی کتابوں کے نام لکھیے۔ (vi) محلے میں دہشت گردی کے حوالے سے آگاہی سینٹر کے قیام کے کیا مقاصد ہو سکتے ہیں؟

(vii) بہادر شاہ ظفر نے کن اصنافِ شاعری میں طبع آزمائی کی؟ (viii) ''برسات کی بہاریں'' کے پہلے بند میں کون سے قافیے استعمال ہوئے ہیں؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) ہجرتِ نبوی ﷺ ۔ (ب) لہو اور قالین ۔ 5

6۔ نصاب میں شامل ''نعت'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر اُدھار دی گئی رقم کی واپسی کا تقاضا کیجیے مگر اِس انداز سے کہ آپ کے دوست کو ناگوار نہ ہو۔ 10

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔

8۔ '' انگور کھٹے ہیں '' کے عنوان سے ایک کہانی لکھیے۔ یا ڈاکٹر اور مریض کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔ (ii) عمر نے سائرہ کو مارے۔ (iii) حسنین کتاب پڑھی۔

(iv) عابد نے شاگرد پڑھایا۔ (v) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئیں۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) قاضی کے گھر کے --- (ii) یہاں کا باوا آدم --- (iii) صورت نہ شکل ---

(iv) نو سو چوہے کھا کے --- (v) قبر پر --- مارنا۔